ترجمہ آیات

جسٹس (ر) حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم

جمع و ترتیب

مفتی عمر انور
اُستاذ جامعہ علومِ اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بسم الله الرحمن الرحيم

إن الله وملائكته يصلون على النبي
يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

اللهم صل على سيدنا محمد وسلم

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　　　　　　　　　　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　　　　　　　　　　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

2017

١٤٣٨

Contact: رابطہ:
Banuripublishers@gmail.com

ترجمہ آیات

جسٹس (ر) حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم

جمع وترتیب

مفتی عمر انور

اُستاذ جامعہ علومِ اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

عرض مرتب

نحمده و نصلّی و نسلّم علیٰ رسوله الکریم ، أمّا بعد :

پیشِ نظر کتاب کلامِ الٰہی یعنی قرآن کریم میں موجود دُعاؤں کا مجموعہ ہے، پہلا حصہ ''مناجات انبیاء'' ان دعاؤں پر مشتمل ہے جو انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی زبانی قرآن کریم میں اُمت کو تعلیم دی گئیں ، جبکہ دوسرے حصہ ''مناجات صالحین'' میں قرآن کریم کی وہ دعائیں ہیں جو اللہ کے نیک، صالح اور مقبول بندوں کی زبانی اُمت کو سکھائی گئیں ہیں۔

ان دُعاؤں کے الفاظ اور معانی سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام نے کس طرح مشکلات میں اللہ تعالیٰ کو پکارا، اور اللہ نے ان کی فریاد اور دعا کو سن کر کس طرح نجات دی، انبیاء اور صالحین کی دعائیں درحقیقت انسانوں کو سیدھا راستہ دکھانے اور مالک حقیقی کے ساتھ صحیح رابطہ قائم کرنے کے طریقہ کی تعلیم ہے، ان کی سیرت کو اپناتے ہوئے ہمیں بھی ان دعاؤں کی تلاوت اور حفظ کر کے روزمرہ کی زندگی میں پڑھتے رہنا چاہئے۔

بے شک قرآنی دعائیں اپنی زندگی میں شامل کرنے والے بہت عظیم برکات سمیٹتے ہیں، ایک طرف تو یہ قرآن کریم کے حفظ اوراس کی تلاوت کا اجر پاتے ہیں، جس کے حرف حرف پر ثواب ہے، دوسری جانب دعا کرنا بذات خود ایک سعید عمل ہے کہ یہ عبادت کا مغز اور جوہر ہے، تیسری بات یہ کہ یہ اللہ تعالی کا ذکر ہے اور ذکر اللہ کی عظیم برکات میں سے ایک سکون قلب ہے، ساتھ ہی ان دعاوں کے ذریعے قرآن کریم سے ربط وتعلق پیدا کرنے کی ایک کوشش بھی ہے، اس کے علاوہ بے شمار فوائد ہیں جن کی تفصیل یہاں ممکن نہیں، اس مجموعہ میں قرآنی آیات کا ترجمہ حضرت ماموں محترم شیخ الاسلام جسٹس (ر) مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم کے مشہور ومقبول ''آسان ترجمہ قرآن'' سے لیا گیا ہے۔

دُعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی ہمیں قرآن کریم کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اوراس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرمائے، آمین یارب العالمین۔

محمد عمر انور

استاذ جامعہ علوم اسلامیہ، علامہ یوسف بنوری ٹاؤن

خادم جامع مسجد قبا، گلشن اقبال، کراچی

umaranwer@gmail.com

فہرست مضامین

مناجات انبیاء علیہم السلام

حضرت آدم وحوا علیہما السلام کی دعا

حضرت نوح علیہ السلام کی دعائیں

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں

حضرت لوط علیہ السلام کی دعائیں

حضرت یوسف علیہ السلام کی دعائیں

حضرت شعیب علیہ السلام کی دعا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعائیں

حضرت زکریا علیہ السلام کی دعائیں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعائیں

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں

مناجات صالحین

مناجات انبیاء علیہم السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

کامل اور جامع ترین دُعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۲﴾

تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۳﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿۴﴾

جو روز جزا کا مالک ہے (اے اللہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ

ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما، ان لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام کیا نہ کہ ان

عَلَيۡهِمۡ ۙ۬ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷﴾

لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے اور نہ انکے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں (سورہ فاتحہ)

حضرت آدم وحوا علیہما السلام کی
طلب مغفرت و رحمت کی دُعا

رَبَّنَا ظَلَمۡنَاۤ اَنۡفُسَنَا ۫ وَاِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَنَا وَتَرۡحَمۡنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم اپنی جانوں پر ظلم کر گزرے ہیں اور اگر آپ نے ہمیں معاف نہ فرمایا

لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ [الاعراف:۲۳]

اور ہم پر رحم نہ کیا تو یقیناً ہم نامراد لوگوں میں شامل ہو جائیں گے۔

حضرت نوح علیه السلام کی دعائیں

سواری کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖىهَا وَمُرۡسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّىۡ

اسکا چلنا بھی اللہ ہی کے نام سے ہے اور لنگر ڈالنا بھی یقین رکھو کہ میرا پروردگار

لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ [هود: ٤١]

بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے

لاعلم اُمور کے سوال سے بچنے اور بخشش ورحمت کی دُعا

رَبِّ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـئَلَكَ مَا لَـيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ

پروردگار! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ آپ سے وہ چیز مانگوں جسکا مجھے علم نہیں اور اگر

وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ [هود: ٤٧]

آپ نے میری مغفرت نہ فرمائی اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں بھی ان لوگوں میں شامل ہوجاؤنگا جو برباد ہوگئے

جھوٹے الزام و مقدمہ میں فتح اور باعزت نجات پانے کی دُعا

رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ [المؤمنون:٢٦]

پروردگار! ان لوگوں نے مجھے جس طرح جھوٹا بنایا ہے اس پر تو ہی میری مدد فرما

رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا

میرے پروردگار! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے، اب آپ میرے اور ان کے درمیان دوٹوک

وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ [الشعراء:١١٨،١١٧]

فیصلہ کر دیجیے اور مجھے اور میرے مومن ساتھیوں کو بچا لیجیے

سفر اور نئے شہر میں حفاظت و برکت کی دُعا

رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ [المؤمنون:٢٩]

یا رب ! مجھے ایسا اترنا نصیب کر جو برکت والا ہو اور تو بہترین اتارنے والا ہے

بے بسی کے وقت مدد کی دعا

اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ [القمر:١٠]

میں بے بس ہو چکا ہوں، اب آپ ہی بدلہ لیجیے

والدین، تمام اہل اِیمان اور اپنے لیے مغفرت کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا

پروردگار! میری بھی بخشش فرما دیجیے میرے والدین کی بھی اور ہر اس شخص کی بھی جو میرے گھر میں

وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ [نوح:٢٨]

ایمان کی حالت میں داخل ہوا ہے اور تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کی بھی

حضرت ابراهيم عليه السلام کی دعائيں

امن وسلامتی اور رِزق میں برکت کی دعا

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ

اے میرے پروردگار! اس کو ایک پرامن شہر بنا دیجیے اور اس کے باشندوں میں سے جو اللہ اور

مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ [البقرة:١٢٦]

یوم آخرت پر ایمان لائیں انہیں قسم قسم کے پھلوں سے رزق عطا فرمایے

ہر عمل کی قبولیت کے لیے دُعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ [البقرة:١٢٧]

اے پروردگار! ہمارے نیک اعمال قبول فرمالے بیشک تو ہی ہر ایک کی سننے والا ہر ایک کو جاننے والا ہے

اولاد کی فرمانبرداری اور توبہ کی قبولیت کی دُعا

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَاۤ اُمَّةً

ہمارے پروردگار! ہمیں اپنا مکمل فرمانبردار بنالے اور ہماری نسل سے بھی ایسی امت پیدا کر جو تیری

مُسۡلِمَةً لَّكَ ۖ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَا ۚ اِنَّكَ

پوری تابعدار ہو اور ہم کو ہماری عبادتوں کے طریقے سکھا دے اور ہماری توبہ قبول فرما لے بیشک

اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ [البقرۃ:۱۲۸]

صرف تو ہی معاف کر دینے کا خوگر بڑی رحمت کا مالک ہے

انسانوں کی ہدایت کے لیے دُعا

رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ

ہمارے پروردگار! ان میں ایک ایسا رسول بھی بھیجنا جو انہی میں سے ہو، جو ان کے سامنے

اٰيٰتِكَ وَ يُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيۡهِمۡ ؕ

تیری آیتوں کی تلاوت کرے، انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دے، اور ان کو پاکیزہ بنائے

اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ [البقرۃ:۱۲۹]

بیشک صرف تیری ہی ذات وہ ہے جسکا اقتدار بھی کامل ہے جس کی حکمت بھی کامل

امن وسلامتی اور شرک سے بچنے کی دعا

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ

یا رب! اس شہر کو پر امن بنا دیجیے اور مجھے اور میرے بیٹوں کو اس بات سے بچایے کہ

نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ [ابراھیم:۳۵]

ہم بتوں کی پرستش کریں

قبولیت اور رزق میں برکت کی دعا

رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ

اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد کو آپ کے حرمت والے گھر کے پاس ایک ایسی

عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

وادی میں لا بسایا ہے جس میں کوئی کھیتی نہیں ہوتی، ہمارے پروردگار! (یہ میں نے اس لیے کیا)

فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ

تا کہ یہ نماز قائم کریں، لہٰذا لوگوں کے دلوں میں ان کے لیے کشش پیدا کر دیجیے، اور ان کو پھلوں

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَشۡكُرُوۡنَ [ابراھیم:۳۷،۳۸]

کا رزق عطا فرمایے تاکہ وہ شکر گزار بنیں

اپنے اور اپنی اولاد کے لیے نماز کی پابندی والدین اور تمام مسلمانوں کیلیئے مغفرت کی دعا

رَبِّ اجۡعَلۡنِىۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ ‌ۖ

یارب! مجھے بھی نماز قائم کرنے والا بنا دیجیے اور میری اولاد میں سے بھی (ایسے لوگ پیدا فرمایے

رَبَّنَا وَ تَقَبَّلۡ دُعَآءِ ۔ رَبَّنَا اغۡفِرۡلِىۡ وَ لِوَالِدَىَّ

جو نماز قائم کریں) اے پروردگار! اور میری دعا قبول فرمالیجیے، جس دن حساب قائم ہوگا اس دن

وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡحِسَابُ [ابراھیم:۴۰،۴۱]

میری بھی مغفرت فرمایئے میرے والدین کی بھی اور ان سب کی بھی جو ایمان رکھتے ہیں

حکمت و دانائی کے حصول اور صالحین میں شمولیت کی دعا

رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا وَّ اَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ [الشعراء:۸۳]

میرے پروردگار! مجھے حکمت عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرمالے

قیامت تک انسانوں میں ذکر خیر اور حصول جنت کی دعا

وَاجۡعَلۡ لِّيۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِي الۡاٰخِرِيۡنَ

اور آنے والی نسلوں میں میرے لیے وہ زبانیں پیدا فرمادے جو میری سچائی کی گواہی دیں

وَاجۡعَلۡنِيۡ مِنۡ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيۡمِ [الشعراء:٨٥-٨٤]

اور مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے جو نعمتوں والی جنت کے وارث ہوں گے

قیامت کے دن ذلت و رسوائی سے بچنے کی دعا

وَلَا تُخۡزِنِيۡ يَوۡمَ يُبۡعَثُوۡنَ يَوۡمَ لَا يَنۡفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوۡنَ

اور اس دن مجھے رسوا نہ کرنا جس دن لوگوں کو دوبارہ زندہ کیا جائیگا، جس دن نہ کوئی مال کام آئیگا

اِلَّا مَنۡ اَتَى اللّٰهَ بِقَلۡبٍ سَلِيۡمٍ [الشعراء:٨٧تا٨٩]

نہ اولاد، ہاں! جو شخص اللہ کے پاس سلامتی والا دل لے کر آئیگا (اسکو نجات ملے گی)

نیک اولاد کے حصول کی دعا

رَبِّ هَبۡ لِيۡ مِنَ الصّٰلِحِيۡنَ [الصافات:١٠٠]

میرے پروردگار! مجھے ایک ایسا بیٹا دیدے جو نیک لوگوں میں سے ہو

کفار کے شر سے بچاؤ اور طلب مغفرت کی دعا

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

اے ہمارے پروردگار! آپ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اور آپ ہی کی طرف ہم رجوع ہوئے ہیں اور آپ

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج

ہی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے، اے پروردگار! ہمیں کافروں کا تختہ مشق نہ بنایے اور ہمارے پروردگار!

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ [الممتحنہ:٤،٥]

ہماری مغفرت فرما دیجیے، یقیناً صرف آپ ہی کی ذات وہ ہے جسکا اقتدار بھی کامل ہے جسکی حکمت بھی کامل

حضرت لوط علیہ السلام کی دعائیں

مفسدین کے مقابلے میں مدد و نصرت کی دعا

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ [العنکبوت:۳۰]

میرے پروردگار! ان مفسد لوگوں کے مقابلے میں میری مدد فرمایئے

بد عملوں کے برے اثرات سے نجات کی دعا

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ [الشعراء:۱٦۹]

پروردگار! جو حرکتیں یہ لوگ کر رہے ہیں مجھے اور میرے گھر والوں کو ان سے نجات دیدے

حضرت یوسف علیہ السلام کی دعائیں

مکر، فریب، برائی اور فتنوں سے بچاؤ کی دعا

رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ ۚ

یارب! یہ عورتیں مجھے جس کام کی دعوت دے رہی ہیں، اسکے مقابلے میں قید خانہ مجھے زیادہ پسند

وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ

ہے، اور اگر تو نے مجھے انکی چالوں سے محفوظ نہ کیا تو میرا دل بھی انکی طرف کھنچنے لگے گا، اور جو لوگ

وَ اَکُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ [یوسف:۳۳]

جہالت کے کام کرتے ہیں، ان میں میں بھی شامل ہو جاؤں گا

حالت اسلام پر موت اور صالحین میں شمولیت کی دعا

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا رکھوالا ہے مجھے اس

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ [یوسف:۱۰۱]

حالت میں دنیا سے اٹھانا کہ میں تیرا فرمانبردار ہوں اور مجھے نیک لوگوں میں شامل کرنا

حضرت شعیب علیہ السلام کی دعا

فتح اور حق کے فیصلے کی دعا

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ

ہمارے رب نے اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے، اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کر رکھا ہے

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ

اے ہمارے رب ! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کا فیصلہ فرمادے اور تو ہی

خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ [الاعراف:۸۹]

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعائیں

اپنی اور اپنے بھائی کیلئے بخشش و رحمت کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِاَخِيْ وَ اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ

پروردگار! میری اور میرے بھائی کی مغفرت فرمادے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کردے

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ [الاعراف:١٥١]

تو تمام رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

مغفرت، رحمت اور دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ

آپ ہی ہمارے رکھوالے ہیں اس لیے ہمیں معاف کردیجیے اور ہم پر رحم فرمایے بیشک آپ

وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

سارے معاف کرنے والوں سے بہتر معاف کرنے والے ہیں اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھی

اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ [الاعراف:١٥٥،١٥٦]

بھلائی لکھ دیجیے اور آخرت میں بھی، ہم (اس غرض کیلئے) آپ ہی سے رجوع کرتے ہیں

شرح صدر، کاموں میں آسانی اور زبان میں تاثیر کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً

پروردگار! میری خاطر میرا سینہ کھول دیجیے، اور میرے لیے میرا کام آسان بنا دیجیے، اور میری

مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ [طه: ٢٥ تا ٢٨]

زبان میں جو گرہ ہے اسے دور کر دیجیے، تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں

معافی اور بخشش کی دعا

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ [القصص: ١٦]

پروردگار! میں نے اپنی جان پر ظلم کر لیا آپ مجھے معاف فرما دیجیے

ادائے شکر اور مجرموں کا مددگار بننے سے اجتناب کی دعا

رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ

پرورگار! آپ نے مجھ پر انعام کیا ہے تو میں آئندہ کبھی مجرموں کا مددگار نہیں بنوں گا [القصص: ١٧]

ظالموں سے نجات کی دعا

رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [القصص:۲۱]

میرے پروردگار! مجھے ظالم لوگوں سے بچالے

ہدایت کے حصول کی دعا

عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ [القصص:۲۲]

مجھے پوری امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے سیدھے راستے پر ڈال دے گا

خیر اور رزق کے حصول کی دعا

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ [القصص :۲٤]

میرے پروردگار! جو کوئی بہتری تو مجھ پر اوپر سے نازل کردے، میں اس کا محتاج ہوں

حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا

نعمتوں پر شکر، نیک اعمال کی توفیق اور صالحین میں شمولیت کی دعا

رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡکُرَ نِعۡمَتَکَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ

میرے پروردگار! مجھے اس بات کا پابند بنا دیجیے کہ میں ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو آپ نے مجھے

وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰىهُ وَ اَدۡخِلۡنِیۡ

اور میرے والدین کو عطا فرمائی ہیں، اور وہ نیک عمل کروں جو آپ کو پسند ہو، اور اپنی رحمت

بِرَحۡمَتِکَ فِیۡ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیۡنَ [النمل:۱۹]

سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل فرمالیجیے

حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا

بیماری اور تکلیف کو دُور کرنے کی دُعا

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ [الانبیاء:۸۳]

مجھے یہ تکلیف لگ گئی ہے، اور تو سارے رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا

آزمائش سے نجات حاصل کرنے کی دُعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ﷺ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(یااللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہر عیب سے پاک ہے بیشک میں قصوروار رہوں[الانبیاء:۸۷]

حضرت زکریا علیہ السلام کی دعائیں

پاکیزہ اولاد کے حصول کی دعا

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ

یارب مجھے خاص اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرمادے

اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ [آل عمران:۳۸]

بیشک تو دعا کا سننے والا ہے

تنہائی سے نجات اور بہتر وارث پیدا ہونے کی دعا

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ [الانبیاء:۸۹]

یارب! مجھے اکیلا نہ چھوڑیے اور آپ سب سے بہتر وارث ہیں

آخری عمر میں نیک اولاد کے حصول کی دعا

رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا

پروردگار! میری ہڈیاں تک کمزور پڑگئی ہیں اور سر بڑھاپے کی سفیدی سے بھڑک اٹھا ہے اور

وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

پروردگار! میں آپ سے دعا مانگ کر کبھی نامراد نہیں ہوا، اور مجھے اپنے بعد اپنے چچازاد بھائیوں کا

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ

اندیشہ لگا ہوا ہے اور میری بیوی بانجھ ہے، لہٰذا آپ خاص اپنے پاس سے مجھے ایک ایسا وارث

لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ وَ يَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ

عطا کر دیجیے جو میرا بھی وارث ہو، اور یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے بھی میراث پائے

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا [مریم: ٤ تا ٦]

اور یارب! اسے ایسا بنایے جو (خود آپ کا) پسندیدہ ہو

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعائیں

خوشی اور رزق میں برکت کی دعا

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ

یا اللہ! ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار دیجیے جو ہمارے لیے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں کیلئے

لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ‌ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ

ایک خوشی کا موقع بن جائے اور آپ کی طرف سے ایک نشانی ہو اور ہمیں یہ نعمت عطا فرما ہی

خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ [المائدة:١١٤]

دیجیے، اور آپ سب سے بہتر عطا فرمانے والے ہیں

گمراہوں کے لیے بخشش کی دعا

اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ فَاِنَّهُمۡ عِبَادُكَ‌ۚ وَاِنۡ تَغۡفِرۡ لَهُمۡ فَاِنَّكَ

اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں ہی، اور اگر آپ انہیں معاف فرما دیں تو یقینا

اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ [المائدة:١١٨]

آپ کا اقتدار بھی کامل ہے، حکمت بھی کامل

حضرت محمد مصطفی ﷺ کی دعائیں

حصول غلبہ وقوت اور رزق میں کشادگی کی دعا

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ

اے اللہ! اے اقتدار کے مالک! تو جس کو چاہتا ہے اقتدار بخشتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے

الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ

اقتدار چھین لیتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے عزت بخشتا ہے اور جس کو چاہتا ہے رسوا کر دیتا ہے

بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ الَّيْلَ

تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے، یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے،تو ہی رات کو دن میں داخل

فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور تو ہی بے جان چیز میں سے جاندار کو برآمد

الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ

کرلیتا ہے اور جاندار میں سے بے جان چیز نکال لاتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ [آل عمران:٢٧،٢٦]

بے حساب رزق عطا فرماتا ہے

کاموں میں آسانی اور اللہ پر توکل کی دعا

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

میرے لیے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے، اور وہی

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ [التوبہ:١٢٩]

عرش عظیم کا مالک ہے

والدین کے لیے رحمت کی دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا [الاسراء:٢٤]

یارب! جس طرح انہوں نے میرے بچپن میں مجھے پالا ہے آپ بھی انکے ساتھ رحمت کا معاملہ کیجیے

آغاز و انجام کے خیر ہونے اور نصرت الٰہی کی دعا

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

یارب! مجھے جہاں داخل فرما اچھائی کے ساتھ داخل فرما، اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ

وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا [الاسراء:۸۰]

نکال، اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اقتدار عطا فرما جس کے ساتھ (تیری) مدد ہو

علمی ترقی کی دعا

رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا [طه:۱۱٤]

میرے پروردگار! مجھے علم میں اور ترقی عطا فرما

حق فیصلہ طلب کرنے کی دعا

رَبِّ احۡکُمۡ بِالۡحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحۡمٰنُ الۡمُسۡتَعَانُ

اے میرے پروردگار! حق کا فیصلہ کر دیجیے اور ہمارا پروردگار بڑی رحمت والا ہے اور جو باتیں تم

عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ [الانبیاء:۱۱۲]

بناتے ہو انکے مقابلے میں اسی کی مدد درکار ہے

عذاب الٰہی اور ظالموں سے بچنے کی دعا

رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیۡ مَا یُوۡعَدُوۡنَ

پروردگار! جس عذاب کی دھمکی انکو دی جا رہی ہے، اگر آپ اسے میری آنکھوں کے سامنے

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [المؤمنون:٩٤]

لے آئیں تو اے میرے پروردگار! مجھے ان ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کیجیے گا

برے خواب اور شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعا

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ

میرے پروردگار! میں شیطان کے لگائے ہوئے چرکوں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں، اور میرے

رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ [المؤمنون:٩٨-٩٧]

پروردگار! میں ان کے اپنے قریب آنے سے بھی آپ کی پناہ مانگتا ہوں

مناجات صالحین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

دنیا و آخرت کی بھلائی اور جہنم کے عذاب سے بچاؤ کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الۡاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً

اے ہمارے پروردگار ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ [البقرة : ٢٠١]

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے

صبر، ثابت قدمی اور طلب نصرت کی دعا

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا

اے ہمارے پروردگار! صبر واستقلال کی صفت ہم پر انڈیل دے ہمیں ثابت قدمی بخش دے اور

عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ [البقرة:۲۵۰]

ہمیں اس کافر قوم کے مقابلے میں فتح ونصرت عطا فرمادے

آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو سدا زندہ ہے جو پوری کائنات سنبھالے ہوئے ہے جس کو

نَوۡمٌ ‌ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ‌ ؕ مَنۡ ذَا

نہ کبھی اونگھ لگتی ہے نہ نیند، آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے، کون ہے

الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ‌ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ

جو اسکے حضور اسکی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر سکے؟ وہ سارے بندوں کے تمام آگے پیچھے

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا

کے حالات کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ اسکے علم کی کوئی بات اپنے علم کے دائرے میں نہیں لا سکتے

شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۚ وَلَا يَئُودُهُ

سوائے اس بات کے جسے وہ خود چاہے، اسکی کرسی نے سارے آسمانوں اور زمین کو گھیرا ہوا ہے اور

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ [البقرة ٢٥٥]

ان دونوں کی نگہبانی سے اسے ذرا بھی بوجھ نہیں ہوتا اور وہ بڑا عالی مقام صاحب عظمت ہے

اِطاعت و مغفرت کی دُعا

سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

ہم نے (اللہ و رسول کے احکام کو توجہ سے) سن لیا ہے اور ہم خوشی سے (انکی) تعمیل کرتے ہیں
ہمارے پروردگار ہم آپ کی مغفرت کے طلبگار ہیں اور آپ ہی کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے

اِنتہائی جامع ترین دُعا

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

اے ہمارے پروردگار! اگر ہم سے کوئی بھول چوک ہو جائے تو ہماری گرفت نہ فرمایئے اور اے

تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ

ہمارے پروردگار ہم پر اس طرح کا بوجھ نہ ڈالیے جیسا آپ نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا اور

قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ

اے ہمارے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیے جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو اور ہماری

عَنَّا وقفة وَاغۡفِرۡ لَنَا وقفة وَارۡحَمۡنَا وقفة اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا

خطاؤں سے درگزر فرمایئے ہمیں بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے آپ ہی ہمارے حامی و ناصر ہیں

عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ [البقرة ٢٨٦]

اس لیے کافر لوگوں کے مقابلے میں ہمیں نصرت عطا فرمایئے

گمراہی سے بچنے اور طلب رحمت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا

ہمارے رب تونے ہمیں جو ہدایت عطا فرمائی ہے اسکے بعد ہمارے دلوں میں ٹیڑھ پیدا نہ ہونے

مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ رَبَّنَآ اِنَّكَ

دے اور خاص اپنے پاس سے ہمیں رحمت عطا فرما بیشک صرف تیری ہی ذات وہ ہے جو بے انتہا بخشش

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا

کی خوگر ہے ہمارے پروردگار تو تمام انسانوں کو ایک ایسے دن جمع کرنے والا ہے جسکے آنے میں کوئی

يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ [آل عمران:٩-٨]

شک نہیں، بیشک اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا

گناہوں کی بخشش اور عذاب سے بچنے کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

ہمارے پروردگار ہم آپ پر ایمان لے آئے ہیں اب ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے اور ہمیں

عَذَابَ النَّارِ [آل عمران:١٦]

دوزخ کے عذاب سے بچا لیجیے

اِقرار ایمان ، اِتباع رسول اور حق کی شہادت دینے والوں کے ساتھ کی دعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا

ہمارے رب! آپ نے جو کچھ نازل کیا ہے ہم اس پر ایمان لائے ہیں اور ہم نے رسول کی اتباع کی

مَعَ الشّٰهِدِيۡنَ [آل عمران:٥٣]

ہے لہذا ہمیں ان لوگوں میں لکھ لیجیے جو (حق کی) گواہی دینے والے ہیں

گناہوں کی معافی، صبر، ثابت قدمی اور طلب نصرت کی دعا

رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَ اِسۡرَافَنَا فِىۡۤ اَمۡرِنَا وَثَبِّتۡ

ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں کو بھی اور ہم سے اپنے کاموں میں جو زیادتی ہوئی ہو اسکو بھی

اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ [آل عمران:١٤٧]

معاف فرما دے ہمیں ثابت قدمی بخش دے اور کافر لوگوں کے مقابلے میں ہمیں فتح عطا فرما دے

اللہ کی کفایت اور وکالت کے حصول کی دُعا

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ [آل عمران:١٧٣]

ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے

دوزخ کے عذاب اور رسوائی سے بچاؤ کی دعا

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

ہمارے پروردگار! آپ نے یہ سب کچھ بے مقصد پیدا نہیں کیا آپ (ایسے فضول کام سے) پاک

النَّارِ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ

ہیں پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیجیے ہمارے رب! آپ جس کسی کو دوزخ میں داخل کر دیں

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ [آل عمران:۱۹۲]

اسے آپ نے یقینا رسوا ہی کر دیا اور ظالموں کو کسی قسم کے مددگار نصیب نہ ہوں گے

گناہوں سے معافی اور نیک انجام کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا

اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک منادی کو سنا جو ایمان کی طرف پکار رہا تھا کہ اپنے پروردگار پر

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

ایمان لاؤ چنانچہ ہم ایمان لے آئے لہذا ہمارے پروردگار! ہماری خاطر ہمارے گناہ بخش دیجیے

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ [آل عمران:١٩٣]

ہماری برائیوں کو ہم سے مٹا دیجیے اور ہمیں نیک لوگوں میں شامل کر کے اپنے پاس بلا یئے

وعدہ الٰہی کی تکمیل اور روز قیامت رسوائی سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

ہمارے پروردگار! ہمیں وہ کچھ بھی عطا فرمایئے جسکا وعدہ آپ نے اپنے پیغمبروں کے ذریعے ہم

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ [آل عمران:١٩٤]

سے کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کیجئے یقینا آپ وعدے کی کبھی خلاف ورزی نہیں کیا کرتے

ظالم کے ظلم سے بچنے اور طلب نصرت کی دُعا

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس بستی سے نکال لایئے جس کے باشندے ظلم توڑ رہے ہیں

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

اور ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی حامی پیدا کر دیجیے اور ہمار لیے اپنی طرف سے کوئی

لَّدُنْكَ نَصِيْرًا [النساء:٧٥]

مددگار کھڑا کر دیجیے

حق کی گواہی دینے والوں کے ساتھ کی دعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ [المائدة : ٨٣]

اے پروردگار! ہم ایمان لے آئے ہیں لہذا گواہی دینے والوں کے ساتھ ہمارا نام بھی لکھ لیجیے

ظلم سے بچنے کی دُعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [الاعراف:٤٧]

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ان ظالم لوگوں کے ساتھ نہ رکھنا

صبر ثابت قدمی اور فرمانبرداری کی دُعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ [الاعراف:١٢٦]

پروردگار! ہم پر صبر کے پیمانے انڈیل دے اور ہمیں اس حالت میں موت دے کہ ہم تیرے تابعدار رہوں

ظالم قوم کے فتنہ سے بچنے کی دُعا

عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کرلیا ہے اے ہمارے پروردگار ہمیں ان ظالم لوگوں کے ہاتھوں آزمائش

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ [یونس:٨٦-٨٥]

میں نہ ڈالیے اور اپنی رحمت سے ہمیں کافر قوم سے نجات دے دیجیے

کاموں میں آسانی اور حصول رحمت کی دُعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ

ہمارے پروردگار ہم پر خاص اپنے پاس سے رحمت نازل فرمایے اور ہماری اس صورت حال میں

اَمْرِنَا رَشَدًا [الکھف:١٠]

ہمارے لیے بھلائی کا راستہ مہیا فرما دیجیے

بخشش اور رحمت کی دعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے پروردگار! ہم ایمان لے آئے ہیں پس ہمیں بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایے، اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں [المؤمنون:١٠٩]

رحمت و مغفرت کے حصول کی دعا

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ [المؤمنون : ١١٨]

پروردگار! ہماری خطائیں بخش دے اور رحم فرمادے تو سارے رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

جہنم کے عذاب سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا [الفرقان:٦٥]

ہمارے پروردگار! جہنم کے عذاب کو ہم سے دور رکھیے حقیقت یہ ہے کہ اسکا عذاب وہ تباہی ہے جو چمٹ کر رہ جاتی ہے

بیوی بچوں کو آنکھوں کی ٹھنڈک اور اچھا نمونہ و سربراہ بننے کی دعا

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ

ہمارے پروردگار ! ہمیں اپنی بیوی بچوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما

وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا [الفرقان:٧٤]

اور ہمیں پرہیز گاروں کا سربراہ بنادے

فرشتوں کی اہل ایمان کے حق میں مغفرت، حصول جنت، برائی اور جہنم کے عذاب سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَىۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِيۡنَ

ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور علم ہر چیز پر حاوی ہے اسلئے جن لوگوں نے توبہ کرلی ہے اور

تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِيۡلَكَ وَ قِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ

تیرے راستے پر چل پڑے ہیں انکی بخشش فرما دے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے

رَبَّنَا وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ ۣالَّتِیۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ

اے پروردگار! انہیں ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں داخل فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے نیز

صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّیّٰتِهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ

انکے ماں باپ اور بیوی بچوں میں سے جو نیک ہوں انہیں بھی، یقیناً تیری اور صرف تیری ذات وہ

الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ وَمَنۡ تَقِ السَّیِّاٰتِ

ہے جسکا اقتدار بھی کامل ہے جس کی حکمت بھی کامل اور انکو ہر طرح کی برائیوں سے محفوظ رکھ اور

یَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ رَحِمۡتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِیۡمُ [غافر: ۹-۷]

اس دن جسے تو نے برائیوں سے محفوظ کرلیا اس پر تو نے بڑا رحم فرمایا اور یہی زبردست کامیابی ہے

شکرِ نعمت، اَعمال صالحہ کی توفیق اور اَولاد کی اِصلاح کی دُعا

رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ

یارب! مجھے توفیق دیجیے کہ میں آپ کی اس نعمت کا شکرادا کروں جو آپ نے مجھے اور میرے ماں

وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ

باپ کو عطا فرمائی اور ایسے نیک عمل کروں جن سے آپ راضی ہوجائیں اور میرے لیے میری اولاد

ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ [الاحقاف: ١٥]

کو بھی صلاحیت دے دیجیے میں آپ کے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوں

سواری پر سوار ہونے کی دُعا

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ

پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے بس میں دیدیا ورنہ ہم میں یہ طاقت نہیں تھی کہ

وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ [الزخرف: ١٤-١٣]

اسکو قابو میں لا سکتے اور بیشک ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں

اہل ایمان اور اپنے لیے مغفرت و بخشش اور کینہ و بغض دور کرنے کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

ہمارے پروردگار! ہماری بھی مغفرت فرمائیے اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی جو ہم سے پہلے

وَلَا تَجۡعَلۡ فِیۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّکَ

ایمان لا چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان لانے والوں کیلیئے کوئی بغض نہ رکھیے اے ہمارے

رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ [الحشر: ١٠]

پروردگار! آپ بہت شفیق، بہت مہربان ہیں

روحانی ترقی اور مغفرت و بخشش کی دعا

رَبَّنَاۤ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ

ہمارے پروردگار! ہمارے لیے اس نور کو مکمل کر دیجیے اور ہماری مغفرت فرما دیجیے یقینا آپ ہر

شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ [التحریم:٨]

چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں

حصول جنت کی دعا

رَبِّ ابۡنِ لِیۡ عِنۡدَکَ بَیۡتًا فِی الۡجَنَّۃِ [التحریم:١١]

میرے پروردگار! میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے

ہر قسم کے جسمانی وروحانی، ظاہری وباطنی امراض کے لیے آیات شفاء

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ [التوبة:١٤]

اور مومنوں کے دل ٹھنڈے کر دے

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ

لوگو تمہارے پاس ایک ایسی چیز آئی ہے جو تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک نصیحت ہے، اور

لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ [يونس:٥٧]

دلوں کی بیماریوں کیلئے شفا ہے اور ایمان والوں کیلئے ہدایت اور رحمت کا سامان ہے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور ہم وہ قرآن نازل کر رہے ہیں جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت کا سامان ہے، البتہ ظالموں

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا [الإسراء:٨٢]

کے حصے میں اس سے نقصان کے سوا کسی اور چیز کا اضافہ نہیں ہوتا

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِيۡنِ [الشعراء: ۸۰]

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو مجھے شفا دیتا ہے

قُلۡ هُوَ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًى وَّشِفَآءٌ [حم السجدہ: ٤٤]

کہہ دو کہ جو لوگ ایمان لائے ان کیلئے یہ ہدایت اور شفا کا سامان ہے

جادو، نظر بد، حسد اور ہر قسم کے برے اثرات سے حفاظت کے لیے

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ‏ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ‏ ② لَمۡ يَلِدۡ ۙ

کہہ دو بات یہ ہے کہ اللہ ہر لحاظ سے ایک ہے، اللہ ہی ایسا ہے کہ سب اسکے محتاج ہیں وہ کسی کا

وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ ③ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۠ ④ [سورۃ الإخلاص]

محتاج نہیں، نہ اسکی کوئی اولاد ہے، اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور اس کے جوڑ کا کوئی نہیں

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ ① مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ②

کہو کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اندھیری رات کے شر سے جب وہ پھیل جائے اوران جانوں کے شر سے جو (گنڈے کی) گرہوں

فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ [سورة الفلق]

میں پھونک مارتی ہیں، اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ اِلٰهِ

کہو کہ میں پناہ مانگتا ہوں سب لوگوں کے پروردگار کی، سب لوگوں کے بادشاہ کی، سب لوگوں

النَّاسِ ﴿٣﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِيْ

کے معبود کی، اس وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے جو پیچھے کو چھپ جاتا ہے، جو لوگوں کے

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾

دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے، چاہے وہ جنات میں سے ہو، یا انسانوں میں سے

خاتمہ

سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ وَسَلٰمٌ عَلَى

تمہارا پروردگار عزت کا مالک، ان سب باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بناتے ہیں اور سلام ہو

الۡمُرۡسَلِيۡنَ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ

پیغمبروں پر اور تمام تر تعریف اللہ کی ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے

جادو، اثراتِ شیاطین و جن اور دیگر امراض سے شفایابی کے چند عملیات جو احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہیں

① حضور ﷺ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے لیے اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے بیٹوں حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق علیہما السلام کے لیے یہ دعا مانگا کرتے تھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَمِنْ عَيْنٍ لَّامَّةٍ ﴿ترمذی ۲۷/۲﴾

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے ہمہ گیر کلمات کی پناہ لیتا ہوں ہر شیطان اور زہریلی بلا کے شر سے اور ہر لگنے والی نظر بد کے شر سے۔

② تکلیف کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھنا:

(تین مرتبہ) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ

ترجمہ: میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو مجھے ہو رہی ہے اور جس سے میں ڈر رہا ہوں ﴿مشکوٰۃ ۱۳۴/۱﴾

③ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ یہ دعا بڑے بچوں کو سکھایا کرتے اور چھوٹے بچوں کے گلے میں لکھ کر ڈال د کرتے تھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ

ترجمہ: میں اللہ کے ہمہ گیر کلمات کی پناہ لیتا ہوں اللہ کے غضب وغصہ سے، اس کی پکڑ سے، اس کے بندوں کے شر سے اور شیطان کے کچوکوں وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ شیطان میرے پاس آئیں۔ ﴿ابوداود ۲/۱۸۷، ترمذی ۲/۱۹۱﴾

④ مریض پر داہنا ہاتھ پھیرتا جائے اور یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

ترجمہ: اے اللہ! تکلیف کو دور فرما، اے لوگوں کے پروردگار اس بیمار کو شفا دے اور تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں، ایسی شفا دے کہ کوئی بیماری باقی نہ

رہنے دے۔ مسلم ۲/۲۲۲

⑤ یہ دعا پڑھ کر دم کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيْكَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

ترجمہ: میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں اور اللہ ہی تجھ کو شفا دے گا ہر اس بیماری سے جو تیرے اندر ہو اور جھاڑ پھونک کرنے والی عورتوں کے شر سے اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جبکہ وہ حسد کرنے لگے۔ ﴿ابن ماجہ ۲۶۰﴾

⑥ جس شخص نے بھی کسی ایسے مریض کی عیادت کی جو کی موت نہ آئی ہو اور یہ درج ذیل دعا سات مرتبہ کی تو اللہ تعالی اس مریض کو اس مرض سے ضرور شفا دے دیں گے:

اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيْكَ

ترجمہ: میں خدائے بزرگ و برتر سے دعا کرتا ہوں جو عرش عظیم کا مالک ہے کہ وہ تجھے شفا دے دے۔ ﴿ابوداود ۲/۸۶﴾

⑦ سورہ فلق اور سورہ ناس (معوّذتین) پڑھ کر دم کرنا۔